BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# برامپٹن سمر آرٹسٹ مارکیٹ میں مقامی خریدیں اور برامپٹن کی فنی کمیونٹی کی مدد کریں

برامپٹن، آن (12 جولائی 2022) – سٹی آف برامپٹن کی آرٹس، کلچر اینڈ کریئیٹو انڈسٹری ڈیولپمنٹ ایجنسی (ACCIDA) رہائشیوں کو دعوت دیتی ہے کہ وہ مقامی فنکاروں سے کی مدد کریں اور افتتاحی سمر آرٹسٹ مارکیٹ میں برامپٹن کی فنی کمیونٹی سے مربوط ہوں۔ بروز ہفتہ، 16 جولائی کو صبح 11 سے شام 5 بجے تک، دی روز برامپٹن کے اندر سمر آرٹسٹ مارکیٹ میں برامپٹن کے 25 مقامی وینڈرز اور مقامی فنی تنظیمیں شامل ہوں گی، بشمول:

- 905 انک (905ink)
- ابیبولا اڈووو (Abiola Idowu)
- آدتی گنیو سنگوان (Aditi Ganeev Sangwan)
- اینمری کلاڈیٹ آرٹ (Annemarie Claudette Art)
- آرٹ بائے انیٹا پیئٹراس (Art By Anita Pietras)
- آرٹ آن مل سٹریٹ (Art on Mill Street)
- آرٹیسن ورکس (ArtisanWorks)
- برامپٹن کوئلٹرز گلڈ (Brampton Quilters Guild)
- براڈننگ ہورائزنز (Broadening Horizons)
- کارلینا جین (Carlena Jean)
- ایمبیلشڈ (Emmmbellished)
- گیلری 22 کولیکٹو (Gallery 22 Collective)
- ہنین ارشد (Haneen Arshad)
- HJEM کو (HJEM Co)
- ولیا لوئز پریرا (Julia Louise Pereira)
- لی سارج کریئیشنز (Le Sarge Creations)
- لگزی بائے نونی (Luxe by Nonie)
- میگن لم (Meegan Lim)
- میلیساز.ہینڈ میڈز (melissas.handmades)
- رکی لما (Ricky Lima)
- ساگوا (sagwa)
- دی ان پرنٹ کولیکٹو (The inPrint Collective)
- دی پیپر نارہوال (The Paper Narwhal)
- وکی روپل لی (Vicki Ruple Lepe)
- وژوئل آرٹس برامپٹن (Visual Arts Brampton)

وسیع اقسام کے مقامی فنپارے خریدیں، بشمول مصوریاں، پرنٹس، سیرامکس، زیورات اور مزید، اور ساتھ ہی لوگوں سے ملیں جلیں اور ڈی جے روشین (DJ ROSHANIE) کی جانب سے لائیو موسیقی سے لطف اندوز ہوں۔ سمر آرٹسٹ مارکیٹ میں، صبح 8 سے دن 1 بجے کے درمیان میریڈن کریڈٹ یونین کی جانب سے پیش کردہ برامپٹن فارمرز مارکیٹ پر رکیں، جو ویلنگٹن اسٹریٹ پر گیج جارج اسٹریٹ اور مین اسٹریٹ ساؤتھ پر گیج پارک میں واقع ہے۔

ACCIDA کے متعلق یہاں مزید جانیں اور پوری تقریب کی تفصیلات یہاں حاصل کریں۔

**ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں مثبت تبدیلیوں کا عمل جاری ہے**

"ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کو کایا پلٹ تبدیلی کے عمل سے گزر رہا ہے۔ ریجن آف پیل اس جگہ میں واٹر مین اور سینیٹری سیوریج کو تبدیل کرنے کے منصوبے کی قیادت کر رہا ہے۔ جس کی وجہ سے کئی سڑکیں عارضی طور پر بند ہو سکتی ہیں۔ براہ کرم سمر آرٹسٹ مارکیٹ کی طرف جاتے وقت تھوڑا پہلے نکلیں۔

میونسپل پارکنگ کے بارے میں اپ ڈیٹس brampton.ca پر مل سکتی ہیں یا پھر برامپٹن ٹرانزٹ کے ذریعے تشریف لے جائیں۔ اپنے سفر کا پیشگی منصوبہ Triplinx کے ساتھ بنائیں۔

BRAMPTON

**Media Release**

**مارکیٹ سکوئیر پارکنگ گیراج**

چونکہ سٹی آف برامپٹن، مارکیٹ اسکوائر پارکنگ گیراج کی بحالی کی مرمت کے کام مکمل کر رہا ہے، جس کے نتیجے میں، یہ 27 جون سے 22 جولائی 2022 تک عارضی طور پر بند رہے گا۔

ڈاون ٹاؤن برامپٹن میں وزیٹرز اور کاروباروں کے لیے درج ذیل میونسپل پارکنگ لاٹس اور گیراجوں پر پارکنگ دستیاب رہے گی:

- جان اسٹریٹ پارکنگ گیراج، 16 جان سٹریٹ
- سٹی ہال پارکنگ گیراج، 2 ویلنگٹن سٹریٹ ویسٹ
- ویسٹ ٹاور پارکنگ گیراج، 41 جارج سٹریٹ
- نیلسن اسکوائر پارکنگ گیراج، 9 ڈیلاک لین
- جارج سٹریٹ نارتھ سرفیس پارکنگ لاٹ، 20 جارج اسٹریٹ نارتھ

## ACCIDA کے متعلق

آرٹس، کلچر اینڈ کریئیٹو انڈسٹری ڈیولپمنٹ ایجنسی ایک منفرد تنظیم ہے جو سٹی آف برامپٹن کی زیر نگرانی مختلف پروگراموں، خدمات اور وسائل کی فراہمی کے ذریعے اس شعبے کو فروغ دینے، اس کی خوشیاں منانے، وکالت کرنے اور اس کو باہم مربوط کرنے پر مرکوز ہے۔ ACCIDA سٹی کے اسٹریٹیجک وژن اور کلچر ماسٹر پلان کے مطابق آرٹس، ثقافت اور تخلیقی صنعتوں کے لیے سٹی کے پرجوش وژن کی تکمیل کے لیے کلیدی شراکت دار ہے۔

**اقتباسات**

"آرٹس، کلچر اور کریئیٹو انڈسٹری ڈیولپمنٹ ایجنسی نے برامپٹن کی فنی کمیونٹِ کے ساتھ مربوط ہونے کے لیے اپنا بڑا کام جاری رکھا ہوا ہے۔ میں تمام رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ 16 جولائی کو مقامی چیزیں خریدنے اور برامپٹن کے فنکاروں اور فنی تنظیموں کے ساتھ مربوط ہونے کے لیے سمر آرٹسٹ مارکیٹ پلیس میں ہمارے ساتھ شامل ہوں۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"16 جولائی کو دی روز برامپٹن میں ہمارے ساتھ سمر آرٹسٹ مارکیٹ پلیس میں شامل ہوں! 25 مقامی فن کار وینڈرز اور تنظیموں کے ساتھ، ہر شخص کے لیے کچھ نہ کچھ ہو گا۔ ہماری مقامی فنی کمیونٹی کی معاونت کرنے میں مدد دیں اور مقامی وینڈرز سے خریداری کریں۔ ہم آپ کو وہاں دیکھنے کے لیے پرامید ہیں!"

*-رووینا سینتوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن؛ کونسل پینل ممبر، آرٹس، کلچر اینڈ کریئیٹو انڈسٹری ڈیولپمنٹ ایجنسی*

"سٹی آف برامپٹن اپنے شہر میں فنون و ثقافت کو فروغ دینے، مقامی چیزوں کی معاونت کرنے اور اپنی کمیونٹی میں تمام لوگوں کے لیے موسم گرما کی زبردست تقریبات فراہم کرنے کے لیے وقف ہے – اور ACCIDA کی سمر آرٹسٹ مارکیٹ پلیس ان تینوں کو ملا دیتی ہے! مقامی فنکاروں اور فنی تنظیموں کے ساتھ مربوط ہوں اور 16 جولائی کو مقامی خریداری کریں۔"

*- پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca